## ڈاکٹرعمران فاروق شہید نے تحریک کیلئے جوقربانیاں دیں انہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا۔الطاف حسین

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید ایم کیوایم کا سرمایہ تھے،وہ کٹھن سے کٹھن اور نا مساعد حالات میں بھی ثابت قدم رہے

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید حق پرستی کی راہ پر چلنے والوں کیلئے مشعل راہ ہیں

## شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کی دوسری برسی پر شہید رہنما کو جناب الطاف حسین کا خراج عقیدت

لندن۔۔۔15،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے شہید کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کوان کی دوسری برسی پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا ہے کہ شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور حق پرستی کی تحریک اپنے منزل پر ضروری پہنچے گی۔ڈاکٹرعمران فاروق کی دوسری برسی کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید ایم کیوایم کا سرمایہ تھے،وہ کٹھن سے کٹھن اور نا مساعد حالات میں بھی ثابت قدم رہے اور تحریک کے مشن ومقصد کیلئے اپنی جد وجہد جاری رکھی۔شہید نے تحریک کیلئے جو قربانیاں دیں انہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید حق پرستی کی راہ پر چلنے والوں کیلئے مشعل راہ ہیں اور پوری قوم شہید انقلاب کو ان کی قربانیوں پر سلام عقیدت پیش کرتی ہے۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے قاتلوں کو کیفر دار تک پہنچائے۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی بیوہ،بچوں،والدین اور تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق ایم کیوایم کا قیمتی اثاثہ اور قائد تحریک الطاف حسین کے سچے سپاہی تھے،رابطہ کمیٹی ایم کیوایم

## قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور تحریک کے نظریئے کے فروغ کیلئے انکی عملی جدوجہد اور قربانیاں نا قابل فراموش ہیں

## ایم کیوایم کے شہید کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی دوسری برسی کے موقع پر رابطہ کمیٹی کا شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت

## ذمہ داران وکارکنان شہید انقلاب کی دوسری برسی کے موقع پر ملک بھر میں منعقدہ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کریں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔15،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے شہید کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی دوسری برسی کے موقع پر اپنے بیان میں شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق،قائد تحریک الطاف حسین کے سچے سپاہی اور ایم کیوایم کا قیمتی اثاثہ تھے،ان کی شہادت سے حق پرستی کی تحریک کو پہنچنے والے نقصان کی تلافی ممکن نہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق نے اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا اور باطل قوتوں کے سامنے ڈٹے رہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور تحریک کے نظریئے کے فروغ کیلئے انکی عملی جدوجہد اور قربانیاں نا قابل فراموش ہیں۔رابطہ کمیٹی نے شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید رہنما کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے،سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے اور شہید کے سفاکانہ قتل میں ملوث قاتلوں کو عبرتناک انجام سے دوچار کرے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی دوسری برسی کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں منعقدہ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کریں۔

## ایم کیوایم کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی دوسری برسی اتوار کو منائی جائیگی
## برسی کے سلسلے میں آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں قرآن و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے
## مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں بعد نماز ظہر منعقد ہوگا

کراچی:۔۔۔15، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی برسی اتوار 16 ستمبر کو انتہائی عقیدت واحترام سے منائی جائے گی ۔ برسی سلسلے میں آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں قائم ایم کیوایم کے صوبائی، ضلعی اور زونل دفاتر میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔ شہید انقلاب ڈاکٹر فاروق کی برسی کے سلسلے میں قرآن و فاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بعد نماز ظہر منعقد ہوگا جس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندے، نائن زیرو پر تنظیمی خدمات انجام دینے والے شعبہ جات، ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز اور یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان شرکت کریں گے۔

## خلق خدا کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے، الطاف حسین
## ایم کیوایم کے کارکنان رات دن جو کام کررہے ہیں اس سے بڑا عظیم جذبہ اور کوئی نہیں
## متحدہ قومی موومنٹ کے نزدیک وزارتوں کی کوئی حیثیت نہیں، وزارت سے استعفیٰ پیش کرنے پر روؤف صدیقی کو خراج تحسین
## جو لوگ عطیات جمع کروارہے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر اپنا خصوصی کرم فرمائے اور اپنی بارگاہ میں قبول ومقبول فرمائے
## نائن زیرو پر عطیات جمع کروانے والوں مخیّر حضرات، عوام اور ایم کیوایم کے کارکنان سے ٹیلی فونک خطاب

کراچی:۔۔۔15 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ خلق خدا کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے ایم کیوایم کے کارکنان رات دن جو کام کررہے ہیں اس سے بڑا عظیم جذبہ اور کوئی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے جو لوگ عطیات جمع کروارہے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر اپنا خصوصی کرم فرمائے اور انہیں اپنی بارگاہ میں قبول ومقبول فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالروؤف صدیقی نے وزارت سے استعفیٰ دیکر ثابت کردیا کہ ایم کیوایم کے نزدیک وزارتوں کی کوئی حیثیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ملک کو ہر طرح کی زمینی وآسمانی آفات سے مکمل محفوظ رکھے اور پاکستان کا اختیار ایماندار قیادت کے ہاتھوں دے۔ یہ بات جناب الطاف حسین نے ہفتے کی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر فیکٹری متاثرین کیلئے قائم ڈونیشن کیمپ پر عطیات جمع کروانے والے مخیّر حضرات، عوام اور ایم کیویم کے کارکنان سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، ڈاکٹر نصرت، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب عوامی نمائندے اور تنظیمی خدمت انجام دینے والے شعبہ جات کے ارکان بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نائن زیرو پر عطیات جمع کرنے کیلئے کیمپ قائم کیا گیا ہے تاکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن خشک اجناس راشن جمع کرکے ان لوگوں کی مدد کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں کل حق پرست صوبائی وزیر صنعت وتجارت عبدالروؤف صدیقی نے اپنی غلطی نہ ہونے کے باوجود جس طرح اپنے ضمیر کی آواز پر عمل کرتے ہوئے وزرات سے استعفیٰ دیا ہے اس کی مثال پاکستان میں کہیں نہیں ملتی، عبدالروؤف صدیقی نے جس جرات وہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلا جرات مندانہ اقدام کا مظاہرہ کیا ہے اس کا سہرا بھی ایم کیوایم کے سرجاتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے عبدالروؤف صدیقی کو ان کی جرات وہمت پر زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے نزدیک وزارتوں کی کوئی حیثیت نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت ان کے نزدیک اولین عبادت ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالروؤف صدیقی پر جذبہ ایمانی مضبوط فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو لوگ دور دور سے نائن زیرو آکر متاثرین کی مدد کیلئے عطیات جمع کروارہے ہیں میں ان کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جو اخبارات اور نیوز چینل ایمانداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حقائق پر مبنی کوریج کررہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں اور میں انہیں دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کی رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بچوں اور اہل خانہ پر اپنا خصوصی کرم فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی پاکستان ولندن کے ارکان جو رات دن محنت کررہے ہیں ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار جو اس وقت بھی متاثرین کیلئے غذائی اجناس راشن کے پیکٹ کی پیکنگ کے کاموں میں مصروف عمل ہیں انہیں بھی خراج

تحسین اور بہت بہت شاباش دی۔انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم کے کارکنوں کی رات دن کی محنت دیکھی لاہور کے ساتھی بھی لگے ہوئے ہیں جس پر میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور آج بھی کچھ عناصر ہیں جو فوٹوسیشن میں لگے ہوئے ہیں جبکہ متحدہ قومی موومنٹ عملی خدمت کا مظاہرہ کررہی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے لندن و پاکستان شعبہ اطلاعات کے ذیلی نیوز ،فوٹو ، ویڈیو کمیٹی اور سائبر کوم کے ایک ایک کارکن کو بھی ان کی خدمات پر دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کیا خصوصاً نیوز کمیٹی کے ساتھیوں نے جس طرح لمحہ بہ لمحہ نیوز بنا کر پہنچائی ہے انہیں بھی ان کی محنت پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔

## بیماریوں میں مبتلا بھیڑوں کی خرید وفروخت پر فی الفور پابندی عائد کی جائے اورانہیں واپس بھیجاجائے ۔الطاف حسین

## میڈیکل رپورٹس کے مطابق یہ بھیڑیں بیماریوں میں مبتلا ہیں اوران کا گوشت انسانی صحت کیلئے نہایت مضر ہے

لندن۔۔۔15 ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بیماریوں میں مبتلا بھیڑوں کو آسٹریلیا سے کراچی لانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان بیمار بھیڑوں کی خرید وفروخت پر فی الفور پابندی عائد کی جائے اور انہیں واپس بھیجاجائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق اب تک ان بھیڑوں کے جو میڈیکل ٹیسٹ کئے گئے ہیں ان کی رپورٹس کے مطابق یہ بھیڑیں بیماریوں میں مبتلا ہیں اوران کا گوشت انسانی صحت کیلئے نہایت مضر ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان بیمار بھیڑوں کو پاکستان لائے جانے کی تحقیقات کرائی جائیں،ان کی خرید وفروخت پر پابندی عائد کرکے انہیں واپس بھیجاجائے تاکہ لاکھوں پاکستانی ان بھیڑوں کے باعث ہونے والی بیماریوں میں مبتلا ہونے سے محفوظ رہ سکیں۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قومی سانحہ کے متاثرین کیلئے امدادی کیمپ دوسرے روز بھی جاری رہا

## مخیرّ حضرات،علماء کرام،کاروباری حضرات،طلبہ وطالبات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑھ چڑھ کر اپنے عطیات جمع کرائے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ،انیس احمد قائم خانی،ڈاکٹر نصرت،اراکین رابطہ کمیٹی نے عطیات وصول کیے

کراچی۔۔۔15،ستمبر2012ء

بلدیہ ٹاؤن میں رونما ہونے والے المناک قومی سانحہ کے متاثرین کی مالی معاونت کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر لگائے گئے امدادی کیمپ میں مخیرّ حضرات، ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے اپنے عطیات جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے۔امدادی کیمپ کے دوسرے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قومی سانحہ کے متاثرین کیلئے اپنے عطیات دینے کیلئے آنے والوں کا ہجوم دکھائی دیا اور لوگوں نے بڑھ چڑھ کر اس کار خیر میں حصہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز انیس احمد قائم خانی، ڈاکٹر نصرت، اراکین رابطہ کمیٹی کیہمراہ ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران نے عوام سے عطیات وصول کیے امدادی کیمپ میں طلبہ، طالبات، ڈاکٹرز، انجینئرز، سرکاری ونیم سرکاری محنت کشوں، صحافیوں، وکلاء، علمائے کرام، سیاسی، سماجی شخصیات اور کاروباری حضرات سمیت زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے قومی سانحہ کے متاثرین کیلئے دل کھول کر اپنے عطیات جمع کرائے ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے امدادی کیمپ پر قومی سانحہ کیلئے عطیات دینے کیلئے آنے والے افراد کے جذبے کو سراہا اور ان سے شکریہ کے ساتھ عطیات وصول کئے ۔اراکین رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر جس طرح عوام نے دل کھول کر عطیات دیئے ہیں وہ قابل ستائش ہیں اور دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان سانحہ بلدیہ ٹاؤن کے متاثرین کے ساتھ ہیں اور ہر ممکن مدد کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن میں ہونے والے قومی سانحہ سب پر گہرے دکھ اور افسوس کے سائے چھوڑ گیا ہے اور اپنے ساتھ نجانے کتنے کے پیاروں کو لے گیا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین قومی سانحہ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے انتہائی فکر مند ہیں اور ان کی ہدایت پر شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے اہل خانہ اور لواحقین کی ہر ممکن امداد یقینی بنائی جارہی ہے، ان کے غموں کو بانٹا جارہا ہے اور ایم کیوایم آخری وقت تک قومی سانحہ کے اپنے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔

## محترمہ خدیجہ مسرور کی وفات اردو ادب کا بڑا نقصان ہے

## بین الاقوامی شہرت یافتہ ادیبہ وناول نگار محترمہ خدیجہ مسرور کی وفات پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔15 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بین الاقوامی شہرت یافتہ ادیبہ وناول نگار محترمہ **خدیجہ مسرور** کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ خدیجہ مستور کا انتقال اردو ادب کا بڑا نقصان ہے۔ جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحومہ کے سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان کی ہمشیرہ محترمہ رئیسہ وکیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان کی ہمشیرہ محترمہ رئیسہ وکیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے کارکن ریاض الدین کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔15 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے کارکن ریاض الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سینیٹ،قومی اورصوبائی اسمبلی میں ایم کیوایم کے منتخب عوامی نمائندوں کا اپنی ایک ماہ کی تنخواہ

## سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی میں جاں بحق افراد کے لواحقین کی امداد کیلئے عطیہ کرنے کا اعلان

## ایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد میں حق پرست ارکان سینیٹ،قومی اورصوبائی اسمبلی کا مشترکہ اجلاس،المناک ہلاکتوں پر

## گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار،ز مرحومین کی مغفرت اور زخمی افراد کی صحت یابی کیلئے دعا کی گئی

کراچی۔۔۔15،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ،قومی اورصوبائی اسمبلی نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی میں فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کی امداد کیلئے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ عطیہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ایم کیوایم کے اعلامیہ کے مطابق ملک کے تینوں ایوانوں میں موجود حق پرست ارکان سینیٹ،قومی اورصوبائی اسمبلی کا مشترکہ اجلاس جمعہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد میں منعقد ہوا۔اجلاس میں سانحہ کراچی بلدیہ ٹاؤن میں محنت کشوں کی المناک ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے قومی سانحہ قرار دیا گیا اور غم زدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔اس موقع پر حق پرست عوامی نمائندوں نے انفرادی طور پر سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کی امداد کیلئے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ عطیہ کرنے کا اعلان کیا۔اجلاس میں سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی کے المناک سانحہ میں جاں بحق افراد کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی،سوگواران کے صبر جمیل اور زخمی ہونے والے افراد کی صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## قومی سانحہ میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین اوراہل خانہ کی امداد کیلئے تین ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی دوسری کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے روانہ کردی گئی

## امدادی سامان کی دوسری کھیپ کو ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا

## قومی سانحہ میں قصبہ علی گڑھ، اورنگی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن کے شہید اور زخمی افراد کی رہائشگاہوں پر حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے امدادی سامان پہنچادیا، لواحقین اوراہل خانہ سے الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی۔۔۔15، ستمبر 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام بلدیہ ٹاؤن میں رونما ہونے والے ہولناک قومی سانحہ میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین اورزخمیوں کے اہلخانہ کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی ٹرکوں پر مشتمل غذائی اجناس اورامدادی سامان کی دوسری کھیپ روانہ کردی گئی ہے۔امدادی سامان اورغذائی اجناس کی دوسری کھیپ ہفتہ کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل، رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل، کنورخالد یونس افتخاراکبر رندھاوا نے متاثرہ فیکٹری کے لواحقین کیلئے یادگارِشہدائے حق بمقام جناح گراؤنڈ عزیز آباد سے اپنی نگرانی میں روانہ کی۔امدادی سامان میں فی متاثرہ خاندان کیلئے دو ماہ کا راشن ہے جن میں دالیں، تیل، گھی، چائے کی پتی، خشک دودھ اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور اورحق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن بھی موجود تھے۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قومی سانحہ کے متاثرین کیلئے گزشتہ روز روانہ کئے گئے امدادی سامان اور غذائی اجناس کو حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے قصبہ علی گڑھ، اورنگی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن کے شہید اورزخمی ہونے والے افراد کی رہائشگاہوں پر پہنچایا اوران سے سانحہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین بھی موجود تھے۔امدادی سامان کے یہ پیکٹ بلدیہ ٹاؤن میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ نے شہید اورزخمی افراد کی رہائشگاہوں پر پہنچائے، اورنگی ٹاؤن میں امدادی سامان کے یہ پیکٹ حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزدہ، ارکان سندھ اسمبلی سیف الدین خالد اور خالد عمر نے متاثرین کے گھروں پر پہنچائے جبکہ قصبہ علی گڑھ میں امدادی سامان کے یہ پیکٹ حق پرست رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر نے شہید اورزخمی ہونے والے افراد کی رہائشگاہوں پر پہنچائے۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے قومی سانحہ میں شہید وزخمی ہونے والے افراد کے لواحقین اوراہل خانہ کو صبر کی تلقین کی اور شہیداء کے بلند درجات اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سابق صوبائی وزیر اورممتاز وکیل عبدالوحید کٹپر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن۔۔۔15، ستمبر 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق صوبائی وزیر اورممتاز وکیل عبدالوحید کٹپر کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کی سیاسی خدمات کو سراہا اورانہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان مرحوم کے سوگوارلواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔15/ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے کارکن ریاض الدین، لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن سمیع اللہ فراز کے والد شبیر محمد، قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن عزیز احمد خان کی والدہ جہاں آراء، اوراورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 126 کے کامران ملک کے والد محمد رمضان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆